Maulana Azad National Urdu University

M.A. Women Studies : II Semester Examination, August 2021

Paper : MAWS202CCT : Women and Education

پرچہ : خواتین اور تعلیم

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو(100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو(250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. ''تعلیم سماج کی ذہنی وفکری تبدیلی کا اہم ذریعہ ہوتی ہے''۔ کیا آپ اس بیان سے اتفاق کرتے ہیں؟ مدلل لکھیے ۔
2. ''تعلیمِ نسواں'' اور ''مطالعاتِ نسواں'' میں کیا فرق ہے۔ وضاحت کیجیے۔
3. صنفی مساوات(Gender equality) سے کیا مراد ہے۔ صنفی مساوات کو عام کرنے میں ''تعلیمی نظام'' کس طرح کا رول ادا کر اسکتا ہے۔ لکھیے ۔
4. لڑکیوں کی شخصیت سازی(personality development) میں اسکولی سطح کی تعلیم کے اہم رول پر نوٹ لکھیے ۔
5. ہندوستانی سماج میں لڑکیوں کی ترکِ تعلیم کی کیا وجوہات ہیں؟ لکھیے ۔
6. نصابِ تعلیم(Curriculum) میں عورت و مرد کے روایتی کردار(Stereotype charecters) کی پیش کشی سماجی نظریات پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے لکھیے ۔
7. Sarva Shikhhsa Abhyan (SSA) کا تعارف لکھیے
8. University Grant Commission کی جانب سے خواتین کی تعلیم اور ترقی کے لیئے اپنائے گئے اقدامات پر نوٹ لکھیے ۔
9. NUEPA کا تعارف پیش کیجیے۔
10. ہندوستان میں خواتین کی تعلیم کو فروغ دینے میں غیر روایتی تعلیم (In Formal Education) کی اہمیت اور ضرورت پر نوٹ لکھیے ۔

حصہ دوم

11. ''ملک کی ترقی' خواتین کی تعلیم اور بااختیاری (Empowerment) میں مضمر ہے''۔ ہندوستانی خواتین کی تعلیمی و سماجی حیثیت کے تناظر میں اس مقولہ کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
12. اعلیٰ اور پیشہ وارانہ تعلیم میں لڑکیوں کی کم شمولیت اور ترکِ تعلیم کی وجوہات کا تانیثی نقطۂ نظر سے جائزہ لیجیے۔
13. ہندوستان کی آزادی کے بعد تعلیمِ نسواں کو فروغ دینے کے لیے اپنائے گئے سرکاری اقدامات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
14. نوآبادیاتی ہندوستان(Colonial India) میں تعلیمِ نسواں کو عام کرنے کے لیے کیا کوششیں کی گئیں۔ مفصل لکھیے ۔
15. خواتین کی تعلیمی ترقی اور بااختیاری کے لیئے مادری زبان میں تعلیم کی ضرورت و اہمیت پر نوٹ لکھیئے ۔ اس ضمن میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی کے اہم رول کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆